نظامت اعلیٰ زرعی اطلاعات پنجاب

21۔ سر آغا خان سوئم روڈ لاہور

Ph.042-99200731, 99200729,E.mail:mediaresearch34@gmail.com

www.facebook.com/AgriDepartment Twitter:@agri_department

پریس ریلیز

محکمہ زراعت پنجاب نے موسم گرما کی سبزیات کی کاشت بارے سفارشات جاری کر دیں

موسم گرما کی سبزیات اپنے گھر کے باغیچہ کی کیاریوں یا چھت پر گملوں میں بھی کاشت کی جا سکتی ہیں۔ترجمان محکمہ زراعت پنجاب

لاہور22 فروری2026: ترجمان محکمہ زراعت پنجاب نے بتایا ہے کہ کاشتکار موسم گرما کی سبزیات (کریلا، گھیا کدو، چپن کدو، کالی توڑی، بھنڈی، گھیا توڑی، بینگن، ٹماٹر، سبز مرچ، شملہ مرچ، تر، کھیرا، پیٹھا وغیرہ) کی کاشت وسط فروری تا 31 مارچ تک کر سکتے ہیں۔ ترجمان محکمہ زراعت پنجاب نے مزید کہا کہ موسم گرما کی سبزیات کی نشوونما کیلئے درجہ حرارت 20 تا35 ڈگری سینٹی گریڈ موزوں رہتا ہے۔ موسم گرما کی سبزیات کی کاشت کیلئے اچھے نکاس اور نامیاتی مادہ رکھنے والی میرا زمین موزوں ہے۔ سبزیات کی کاشت سے چند روز پہلے گوبر کی گلی سڑی کھاد ڈالنے سے زمین مزید بہتر ہوتی ہے۔ موسم گرما کی سبزیات کی کاشت کیلئے ایسی اقسام کا بیج استعمال کریں جس کی اگاؤ کی شرح 80 فیصد سے کم نہ ہو اور کاشتکار محکمہ زراعت پنجاب کے مقامی زرعی ماہرین کے مشورہ سے ایسی اقسام کا انتخاب کریں جو موسمی حالات کے مطابق کیڑے مکوڑوں اور بیماریوں کے خلاف قوت مدافعت کی حامل ہوں۔ ٹماٹر اور مرچ کی کاشت بذریعہ پنیری کریں اور جب پنیری کی عمر 30 تا35 دن ہو جائے تو پنیری کو محکمہ زراعت کے مقامی عملے کے مشورہ سے سفارش کردہ فاصلہ پر منتقل کر دیں۔ کریلہ، گھیا کدو، چپن کدو، گھیا توڑی، تر اور کھیرا کی کاشت پٹریوں کی ایک جانب جبکہ بھنڈی توڑی کی کاشت پٹریوں کے دونوں جانب کرنے سے بتائج بہتر ملتے ہیں۔ اس کے علاوہ چھوٹے پیمانے پر عوام النّاس موسم گرما کی سبزیات کچن گارڈننگ کے تحت گھر کے باغیچہ یا چھت پر بھی کاشت کر کے اپنی ضرورت کے مطابق تازہ سبزیات بھی حاصل کر سکتے ہیں۔

☆☆☆☆